عمرہ شریف پر جانے والے حضرات کے لیے نایاب تحفہ

طریقۂ عمرہ



انس پبلیکیشنز لاہور

عمرہ شریف پر جانے والے حضرات کے لیے نایاب تحفہ

طریقۂ عمرہ

مرتب:

اللہ والے

انس پبلیکیشنز

40-اُردو بازار، لاہور

Mob: 0300-8852283

فہرست

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ

وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ

عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ

اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی

اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی

اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ

اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

عمرہ

کے مناسک اور ارکان کی ادائیگی کی آسان فہم ترتیب

ہر سال لاکھوں فرزندان توحید فریضہ حج کی ادائیگی کے لئے حجاز مقدس جاتے ہیں اور تقریباً اتنی ہی تعداد میں لوگ عمرہ کے لئے سال بھر جاتے رہتے ہیں۔ حج کے مناسک پانچ مخصوص ایام میں ادا کیے جاتے ہیں جبکہ عمرہ ان پانچ مخصوص ایام کے سوا سال بھر کے باقی ایام میں ادا کیا جاتا ہے۔ عمرہ واجب نہیں ہے۔ مگر تمام عمر میں ایک دفعہ عمرہ کرنا سنت ہے۔

حضرت سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ایک عمرہ دوسرے عمرہ تک کے درمیانی حصہ کے لئے کفارہ ہے علماء نے اس کفارہ کو صغیرہ گناہوں کے ساتھ مخصوص کیا ہے۔

عمرہ کے دو فرض اور دو واجبات ہیں۔ فرائض میں

1۔ احرام کی حالت میں آنا　　2۔ طواف کی ادائیگی

واجبات میں

1۔ صفا و مروہ کی سعی کرنا　　2۔ سر کے بالوں کا حلق یا قصر کرنا

دیکھنے میں آیا ہے کہ اکثر لوگ وہاں پر بالوں کو قینچی کے ساتھ مختصر کاٹ لیتے ہیں جو کہ سراسر غلط ہے۔ اگر قینچی سے بال کٹوانا مقصود ہو تو تمام سر کے بال

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ

کٹوائیں ۔ اگر ایسا نہ کیا گیا تو دم واجب ہوگا اس میں انتہائی احتیاط کی ضرورت ہے۔

عمرہ کے مناسک

عمرہ کے افعال اور مناسک اس ترتیب سے ادا کریں۔

1۔ غسل یا وضو کر کے ہوائی جہاز میں سوار ہونے سے قبل مرد یا عورتیں اپنا احرام باندھ لیں۔ مرد اپنے دونوں کندھے ڈھک کر رکھیں۔

عورتیں چہرہ اور پیشانی کو ننگا رکھیں۔ مرد حضرات پاؤں میں ہوائی چپل یا ایسا جوتا پہن لیں تا کہ پاؤں کی درمیانی ہڈی ننگی رہے۔ اگر احرام کی حالت میں پاؤں کی ہڈی کو ڈھانپنے والا جوتا یا چپل پہن لی تو دم واجب ہو جائے گا۔

2۔ مرد اور عورتیں احرام کے دو نفل ادا کریں۔ مرد حضرات نفل پڑھنے سے پہلے اپنا سر چادر یا ٹوپی سے ڈھانپ لیں۔ پہلی رکعت میں الحمد شریف یعنی سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ قل یاایھا الکافرون پڑھیں اور دوسری رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد قل ھو اللہ احد یعنی سورۃ اخلاص پڑھیں۔

3۔ سلام پھیر کر مرد اپنا سر ننگا کر لے۔ اب عمرہ مکمل ہونے تک ہر وقت سر ننگا رہے گا۔ نمازیں بھی ننگے سر ادا ہوں گی۔ عورتیں اپنا سر ننگا نہیں کریں گی۔

4۔ اب جائے نماز پر بیٹھے بیٹھے عمرہ کی نیت کریں۔

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یارسول اللہ

عمرہ کی نیت: اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اُرِیْدُ الْعُمْرَۃَ فَیَسِّرْھَا لِیْ وَتَقَبَّلْھَا مِنِّیْ وَاَعِنِّیْ عَلَیْھَا وَبَارِکْ لِیْ فِیْھَا نَوَیْتُ الْعُمْرَۃَ وَاَحْرَمْتُ بِھَا لِلّٰہِ تَعَالٰی

نوٹ: جو شخص عربی میں ان الفاظ کو ادا نہیں کرسکتا وہ اس طرح نیت کرے کہ یا اللہ میں تیری رضا کے لئے عمرہ کی نیت کرتا ہوں/کرتی ہوں تو اسے میرے لئے آسان فرما اور قبول فرما۔

5۔ نیت کے الفاظ ادا کرنے کے بعد مرد تین مرتبہ بلند آواز سے تلبیہ یعنی

لَبَّیْکَ اَللّٰھُمَّ لَبَّیْکَ لَبَّیْکَ لَا شَرِیْکَ لَکَ لَبَّیْکَ اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَۃَ لَکَ وَالْمُلْکَ لَا شَرِیْکَ لَکَ

پکاریں عورتیں اتنی آہستہ آواز میں تلبیہ پڑھیں کہ وہ خود سن سکیں۔ اب مرد اور عورت دونوں پر احرام کی پابندیاں شروع ہوجائیں گی جن کی خلاف ورزی پر دم یا صدقہ واجب ہوجاتا ہے۔

6۔ وقفے وقفے سے تلبیہ اور نبی اکرم ﷺ پر درود شریف بھی پڑھیں۔

7۔ مکہ معظمہ پہنچ کر اپنا سامان اپنی : • گاہ میں رکھ دیں۔ اور جلد ہی مسجد حرام کی جانب روانہ ہوجائیں۔

اپنی نگاہوں کو جھکا کر رکھیں جس وقت بیت اللہ شریف پر نظر پڑے تو تین مرتبہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اَللّٰہُ اَکْبَرْ کہیں۔ اور پھر درود شریف پڑھ کر جو چاہیں دعا

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یارسول اللہ

مانگیں کیونکہ اس وقت کی دعا قبول ہوتی ہے اس کے بعد احرام کی اوپر والی چادر کا پلو داہنی بغل کے نیچے سے نکال کر بائیں کندھے پر ڈال دیں۔اس عمل کو اضطباع کہتے ہیں۔مردوں کو اضطباع اور رمل یعنی طواف کے تین چکروں میں اکڑتے ہوئے دونوں مونڈھوں کو ہلاتے ہوئے تیز تیز قدم اٹھا کر چلنا مسنون ہے جبکہ عورت اضطباع نہیں کرے گی۔طواف شروع کرنے کیلئے کعبہ شریف کے اس گوشے کے قریب آئیں جہاں حجر اسود ہے اور اس طرح کھڑے ہوں کہ پورا حجر اسود داہنی طرف رہے۔یہاں کھڑے ہو کر طواف کی نیت اس طرح کریں۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اُرِیْدُ طَوَافَ بَیْتِکَ الْحَرَامِ فَیَسِّرْہُ لِیْ وَتَقَبَّلْہُ مِنِّیْ سَبْعَۃَ اَشْوَاطٍ لِلّٰہِ تَعَالٰی عَزَّوَجَلَّ

الٰہی میں تیرے عزت والے گھر کے طواف کی نیت کرتا ہوں پس اسے مجھ پر آسان فرما دے اور میری طرف سے سات چکروں کو قبول فرما جو محض تیری ذات عزوجل کی خوشنودی کے لئے کرتا ہوں۔

استلام: نیت کے بعد کعبہ کو منہ کرکے اپنی دائیں جانب ذرا بڑھ کر حجر اسود کے مقابل ہو کر کانوں تک ہاتھ اس طرح اٹھائیں کہ ہتھیلیاں حجر اسود کی طرف رہیں اور کہے

بِسْمِ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ
وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ

پھر طواف کی دعائیں پڑھیں اور طواف کا پہلا چکر شروع کریں ہو سکے تو دوران طواف درود شریف ہی پڑھتے رہیں یہ آسان بھی ہے اور افضل بھی ہے تاہم کچھ حاجی حضرات طواف کی دعائیں پڑھنا چاہتے ہیں اگر آپ صحیح تلفظ سے طواف کی دعا پڑھ سکتے ہوں تو ہم نے دعائیں تحریر کر دی ہیں۔

8۔ یاد رکھیئے کہ حجر اسود کو بوسہ دینا اگرچہ بہت بڑی سعادت ہے لیکن چونکہ اس پر خوشبو لگی ہوتی ہے اس لئے حالت احرام میں بوسہ لینے کی بجائے صرف ہاتھ سے اشارہ کر کے چوم لیا جائے اور جب آپ حالت احرام سے باہر آ جائیں تو حجر اسود کے خوب بوسے لیں۔

9۔ حجر اسود پر آ کر آپ کے سات چکر مکمل ہو گئے مگر پھر آٹھویں بار حسب سابق دونوں بار ہاتھ کانوں تک اُٹھا کر یہ دعا بِسْمِ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ پڑھ کر استلام کیجئے اور یہ ہمیشہ یاد رکھیئے کہ جب بھی طواف کریں اس میں چکر سات ہوتے ہیں اور استلام آٹھ اب آپ اپنا سیدھا کندھا ڈھانپ لیجئے

10۔ اب آپ مقام ابراہیم پر آیئے مقام ابراہیم کے قریب جگہ ملے تو بہتر ورنہ اس کے قریب ترین جہاں جگہ ملے اگر وقت مکروہ نہ تو دو رکعت نماز طواف ادا کریں پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد قُلْ یٰاَیُّهَا الْکٰفِرُوْنَ اور دوسری رکعت میں قُلْ هُوَ اللّٰهُ شریف پڑھیں یہ نماز واجب ہے اکثر لوگ کندھا کھلا رکھ کر نماز پڑھتے ہیں یہ مکروہ تحریمی ہے اگر ایسا کیا تو نماز کا دوبارہ

لوٹانا واجب ہے اضطباع یعنی کندھا کھلا رکھنا صرف اس طواف کے ساتوں چکروں میں ہے جس کے بعد سعی ہوتی ہے۔ مقام ابراہیم دعا کی قبولیت کی جگہ ہے اللہ عزوجل سے دل بھر کے دعائیں کیجئے اور اس بارگاہ میں عرض کریں کہ اے پروردگار تو میری سب چھپی اور ظاہر باتیں جانتا ہے لہذا تو میری معذرت قبول فرما۔ اے پروردگار تو میری تمام حاجتوں کو جانتا ہے لہذا تو میری تمام حاجات کو پورا فرما۔ مالک کریم تو میرے دل کا حال جانتا ہے تیرے پیارے خلیل سیدنا ابرہیم علیہ الصلوۃ والسلام کے اس مقام کے طفیل میری تمام نیک خواہشات کو پورا فرما اور جو دعائیں آپ کے دل و دماغ میں آئیں گڑگڑا کر اللہ کے حضور کیجئے۔

11۔ نماز اور دعا سے فارغ ہو کر **ملتزم** پر آجائیں دروازۂ کعبہ اور حجر اسود کا درمیانی حصہ جہاں پر سیاہی کھڑا ہوتا ہے اس کو ملتزم کہتے ہیں۔ ملتزم پر کبھی سینہ لگائیے تو کبھی پیٹ، اس پر کبھی دایاں رخسار تو کبھی بایاں رخسار اور دونوں ہاتھ سر سے اونچے کر کے دیوار مقدس پر پھیلائیے یا سیدھا ہاتھ دروازۂ کعبہ کی طرف الٹا ہاتھ حجر اسود کی طرف پھیلائیے، خوب آنسو بہائیے اور نہایت ہی عاجزی کے ساتھ گڑگڑا کر اپنے پاک پروردگار عزوجل سے اپنے لئے تمام اُمت کیلئے اپنی زبان میں دعا مانگیے کہ مقام قبول ہے اور درود شریف پڑھ کر خوب دعائیں مانگیں۔

اے اللہ عزوجل! اے اس قدیم گھر کے مالک! ہماری گردنوں کو اور ہمارے باپ دادوں اور ماؤں (بہنوں) اور بھائیوں اور اولاد کی گردنوں کو دوزخ سے آزاد کر دے اے بخشش والے فضل والے، احسان والے عطا والے اے اللہ عزوجل! تمام معاملات میں ہمارا انجام بخیر فرما اور ہمیں دنیا کی رُسوائی اور آخرت کے عذاب سے محفوظ رکھ۔ اے اللہ عزوجل! میں تیرا بندہ ہوں اور بندہ زادہ ہوں، تیرے (مقدس گھر کے) دروازہ کے نیچے کھڑا ہوں تیرے دروازے کی چوکھٹوں سے لپٹا ہوں، تیرے سامنے عاجزی کا اظہار کر رہا ہوں، اور تیری رحمت کا طلب گار ہوں اور تیرے دوزخ کے عذاب سے ڈر رہا ہوں اے ہمیشہ کے محسن (اب بھی احسان فرما) اے اللہ عزوجل! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ میرے ذکر کو بلندی عطا فرما اور میرے گناہوں کا بوجھ ہلکا کر اور میرے کاموں کو درست فرما۔ اور میرے دل کو پاک کر اور میرے لیے قبر میں روشنی فرما اور میرے گناہ معاف فرما، اور میں تجھ سے جنت کے اونچے درجوں کی بھیک مانگتا ہوں۔ اے اللہ عزوجل! مجھے کسی دنیا والے کا محتاج نہ کرنا اپنے اور اپنے محبوب کا محتاج رکھنا اپنی جناب سے رزق میں کشادگی نصیب فرما۔ ایسا رزق نصیب فرما جو تیری راہ میں خرچ ہو جائے۔ اولاد کی خوشیاں نصیب فرما۔ خاتمہ ایمان پر فرما۔ آمین

اب زم زم پر تشریف لائیے اور قبلہ رو کھڑے کھڑے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ پڑھ کر تین سانس میں خوب پیٹ بھر کر پئیں۔ پینے کے بعد الحمد للہ کہیں ہر بار کعبہ مشرفہ کی طرف نگاہ اُٹھا کر دیکھ لیں کچھ پانی جسم پر بھی ڈالیں۔ منہ، سر اور جسم پر اس سے مسح بھی کریں مگر یہ احتیاط رکھیں کہ کوئی قطرہ زمین پر نہ گرے۔

آب زم زم پی کر یہ دعا پڑھیں

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ عِلْمًا نَّافِعًا وَّ رِزْقًا
اے اللہ! میں تجھ سے علم نافع اور رزق فراخ
وَّاسِعًا وَّ شِفَآءً مِّنْ کُلِّ دَآءٍ ؕ
اور ہر بیماری سے صحت یابی کی التجا کرتا ہوں۔

یہ زم زم اس لئے ہے، جس لئے اس کو پئے کوئی

اسی زم زم میں جنت ہے، اسی زم زم میں کوثر ہے

12۔صفا پہاڑی پر پہنچ کر خانہ کعبہ کی طرف منہ کر کے سعی کے سات پھیروں کی نیت کریں اور دعا مانگیں۔سعی صفا و مروہ کے درمیان سات چکر لگانے کو کہتے ہیں یہ حج و عمرہ دونوں میں واجب ہے۔

سعی کی نیت

یا اللہ میں تیری رضا کے لئے سعی کی نیت کرتا/کرتی ہوں تو میرے لئے اسے آسان فرما اور قبول فرما۔

13۔دعا مانگ کر صفا سے مروہ کی طرف چلیں اور سعی کی دعا پڑھیں اور اگر دعا نہ آتی ہو تو تیسرا اور چوتھا کلمہ' آیت الکرسی اور درود شریف بھی پڑھ سکتے ہیں۔

14۔مروہ پہنچ کر ایک پھیرا مکمل ہو گیا اب یہاں بھی خانہ کعبہ کی طرف منہ کر کے دعا مانگیں۔دعا کے لئے ہاتھ اٹھائیں استلام نہ کریں اور اب صفا کی جانب چلنا شروع کر دیں اور دعائیں پڑھیں۔

15۔صفا پہنچ کر دوسرا پھیرا مکمل کریں۔

دعائیں مانگیں اور اگلا پھیرا شروع کر دیں اسی طرح سات پھیرے مکمل کریں یاد رہے کہ ساتواں پھیرا مروہ پر مکمل ہو گا۔

16۔صفا سے مروہ جاتے ہوئے اور مروہ سے صفا آتے ہوئے جب میلین اخضرین یعنی سبز ٹیوب کی روشنی والے حصہ میں آئیں تو مرد دوڑ کر یا تیز

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ

قدموں سے یہ حصہ عبور کریں۔ عورتیں ہرگز نہ دوڑیں اس حصے میں دوڑتے ہوئے یہ دعا پڑھیں۔

رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ اِنَّکَ اَنْتَ الْاَعَزُّ الْاَکْرَمُ

17۔ مروہ پر ساتواں پھیرا مکمل ہونے پر خانہ کعبہ کی طرف منہ کر کے خوب جی بھر کے دعائیں مانگیں اور پھر سر کے بال منڈھوائیں یا کٹوائیں عورت قینچی سے اپنی چٹیا کے بال ڈیڑھ انچ کے برابر اپنے ساتھ آنے والے محرم سے اس وقت کٹوائے جب محرم خود حالت احرام سے باہر آ جائے۔ مرد باب مروہ کے باہر ساتھ ساتھ بنی ہوئی حجام دکانوں پر جا کر استرا یا مشین پھروائیں یا قینچی سے تمام سر کے بال کٹوائیں (اگر ایسا نہ کیا گیا تو دم واجب ہوگا)۔

18۔ لیجئے اللہ تعالیٰ جل جلالہ کے فضل و کرم اور نبی اکرم ﷺ کے طفیل میں اب آپ کا عمرہ مکمل ہوگیا۔ شکرانے کے دو نفل ادا کریں اور غسل کر کے احرام کھول دیں۔ احرام کی تمام پابندیاں ختم ہوگئیں۔

اَلصَّلوٰۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ

طواف کی نیّت

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اُرِیْدُ طَوَافَ بَیْتِكَ الْحَرَامِ

اے اللہ میں تیرے مقدس گھر کے طواف کی نیت کرتا ہوں پس اسے

فَیَسِّرْہُ لِیْ وَتَقَبَّلْہُ مِنِّیْ سَبْعَةَ اَشْوَاطٍ

میرے لیے آسان کر دے پھر میری طرف سے اسے قبول فرما۔ یہ سات

لِلّٰہِ تَعَالٰی عَزَّوَجَلَّ

چکر ہیں خالص اللہ تعالیٰ عزوجل کیلئے

اب حجرِ اسود کے سامنے آجایئے اور موقعہ ملے تو حجرِ اسود کو بوسہ دیجئے اور بھیڑ یا ہجوم زیادہ ہو تو جہاں بھی آپ حجرِ اسود کے بالمقابل کھڑے ہوں وہیں سے کانوں تک دونوں ہاتھ اٹھا کر

بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰہُ اَكْبَرُ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ

اللہ کے نام سے شروع اللہ سب سے بڑا ہے اور سب تعریفیں اسی کیلئے ہیں

کہتے ہوئے دونوں ہاتھ گرا دیجئے اور خانہ کعبہ کا پہلا چکر شروع کیجئے اور دعا پڑھیے

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ

پہلے چکر کی دعا

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا

اللہ تعالیٰ پاک ہے اور سب تعریفیں اللہ ہی کیلئے ہیں اور اللہ کے سوا کوئی عبادت کے

اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا

لائق نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے اور گناہوں سے پھرنے کی طاقت اور عبادت کی طرف

بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ط وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ

راغب ہونے کی قوت اللہ ہی کی طرف سے ہے جو بزرگی اور عظمت والا ہے اور اللہ تعالیٰ

عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

کی رحمت اور اسلام (نازل ہو) اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر

اَللّٰهُمَّ اِيْمَانًا بِكَ وَتَصْدِيْقًا بِكَلِمَاتِكَ

اے اللہ تجھ پر ایمان لاتے ہوئے اور تیرے احکام کو مانتے ہوئے اور تجھ

وَوَفَاءً بِعَهْدِكَ وَاتِّبَاعًا لِسُنَّةِ نَبِيِّكَ

سے کئے ہوئے عہد کو پورا کرتے ہوئے اور تیرے حبیب محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت

وَحَبِيْبِكَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ط

کی پیروی کرتے ہوئے میں طواف شروع کرتا ہوں۔

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ

اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں (گناہوں سے) سے معافی کا اور ہر (بلا سے) سلامتی

وَالْمُعَافَاةَ الدَّائِمَةَ فِي الدِّيْنِ وَالدُّنْيَا

کا اور (ہر تکلیف سے) دائمی حفاظت کا، دین اور دنیا اور آخرت میں

وَالْاٰخِرَةِ وَالْفَوْزَ بِالْجَنَّةِ وَالنَّجَاةَ مِنَ النَّارِ ط

اور جنت سے متمتع ہونے اور دوزخ سے نجات پانے کا

هدایت:

رکن یمانی پر پہنچ کر یہ دعا ختم کردیجئے اور اس سے آگے بڑھتے ہوئے یہ دعا پڑھیے

رَبَّنَا اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ

اے پروردگار ہمیں دنیا میں بھلائی دے اور آخرت میں بھی

حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ط وَاَدْخِلْنَا

اور ہم کو دوزخ کے عذاب سے بچا اور نیک لوگوں

الْجَنَّةَ مَعَ الْاَبْرَارِ ط يَا عَزِيْزُ يَا غَفَّارُ يَا رَبَّ

کے ساتھ ہمیں جنت میں داخل فرما۔ بڑی عزت والے بڑی بخشش والے اے تمام

الْعَالَمِيْنَ ط

جہانوں کے پالنے والے

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ

یہ دعا پڑھنے کے بعد حجر اسود پر پہنچ کر اسے بوسہ دیجئے اور اگر بوسہ نہ دے سکے تو دونوں یا صرف داہنا ہاتھ اس کو لگا کر چوم لیجئے اور اگر یہ بھی مشکل ہو تو وہیں سے حجر اسود کے سامنے کھڑے ہو کر اپنی ہتھیلیاں اس کی طرف کر کے اشارہ کر لیں اور کانوں تک ہاتھ نہ اٹھائیں کانوں تک ہاتھ اٹھانا صرف شروع طواف میں ہے

بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ
اللہ کے نام سے شروع اللہ سب سے بڑا ہے اور سب تعریفیں اسی کیلئے ہیں

پڑھتے ہوئے آگے بڑھیئے اور دوسرے چکر کی دعا پڑھتے ہوئے دوسرا چکر شروع کر دیجئے

دوسرے چکر کی دعا

اَللّٰهُمَّ اِنَّ هٰذَا الْبَيْتَ بَيْتُكَ وَالْحَرَمَ
اے اللہ بیشک یہ گھر تیرا گھر ہے اور یہ حرم تیرا
حَرَمُكَ وَالْاَمْنَ اَمْنُكَ وَالْعَبْدَ عَبْدُكَ
حرم ہے اور یہاں کا امن و امان تیرا ہی دیا ہوا ہے اور ہر بندہ تیرا ہی بندہ ہے اور
وَاَنَا عَبْدُكَ وَابْنُ عَبْدِكَ وَهٰذَا مَقَامُ
میں بھی تیرا بندہ ہوں اور تیرے ہی بندہ کا بیٹا ہوں اور یہ دوزخ کی
الْعَائِذِ بِكَ مِنَ النَّارِ فَحَرِّمْ لُحُوْمَنَا وَ
آگ سے تیری پناہ پکڑنے والوں کی جگہ ہے سو تو ہمارے گوشت اور کھال کو

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ

بَشَّرْتَنَا عَلَی النَّارِ ط اَللّٰھُمَّ حَبِّبْ اِلَیْنَا

دوزخ پر حرام کر دے۔ اے اللہ ہمارے لئے ایمان کو محبوب بنا دے

الْاِیْمَانَ وَزَیِّنْہُ فِیْ قُلُوْبِنَا وَکَرِّہْ اِلَیْنَا

اور ہمارے دلوں میں اس کی چاہ پیدا کر دے اور ہمارے لئے

الْکُفْرَ وَالْفُسُوْقَ وَالْعِصْیَانَ وَاجْعَلْنَا

کفر، بدکاری اور نافرمانی کو ناپسندیدہ بنا دے اور ہمیں ہدایت

مِنَ الرَّاشِدِیْنَ اَللّٰھُمَّ قِنِیْ عَذَابَكَ یَوْمَ

پانے والوں میں شامل کر کے۔ اے اللہ جس دن تو اپنے بندوں کو

تَبْعَثُ عِبَادَكَ ط اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِی الْجَنَّۃَ

دوبارہ زندہ کر کے اُٹھائے مجھے اپنے عذاب سے بچانا اور اللہ مجھے بغیر حساب

بِغَیْرِ حِسَابٍ ط

کے جنت عطا فرما۔

ہدایت:

رکن یمانی پر پہنچ کر یہ دعا ختم کر دیجئے اور اس سے آگے بڑھتے ہوئے یہ دعا پڑھیے

رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ

اے پروردگار ہمیں دنیا میں بھلائی دے اور آخرت میں بھی

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ

حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ط وَاَدْخِلْنَا

اور ہم کو دوزخ کے عذاب سے بچا اور نیک لوگوں

الْجَنَّةَ مَعَ الْاَبْرَارِ ط یَا عَزِیْزُ یَا غَفَّارُ یَا رَبَّ

کے ساتھ ہمیں جنت میں داخل فرما۔ بڑی عزت والے بڑی بخشش والے اے تمام

الْعَالَمِیْنَ ط

جہانوں کے پالنے والے

یہ دعا پڑھنے کے بعد حجر اسود پر پہنچ کر اگر ممکن ہو تو بوسہ دیجئے ورنہ دور ہی سے استلام کیجئے اور

بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰہُ اَکْبَرُ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ

اللہ کے نام سے شروع اللہ سب سے بڑا ہے اور سب تعریفیں اسی کیلئے ہیں

پڑھتے ہوئے آگے بڑھیئے اور تیسرے چکر کی دعا شروع کیجئے

تیسرے چکر کی دعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الشَّكِّ وَالشِّرْكِ

اے اللہ میں تیری پناہ چاہتا ہوں تیرے احکام میں (شک سے اور تیری ذات وصفات میں)

وَالشِّقَاقِ وَالنِّفَاقِ وَسُوْءِ الْاَخْلَاقِ

شرک سے اور اختلاف و نفاق سے اور برے اخلاق سے

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ

وَسُوْءِ الْمَنْظَرِ وَالْمُنْقَلَبِ فِی الْمَالِ

اور بُرے حال اور بُرے انجام سے مال میں اور

وَالْاَهْلِ وَالْوَلَدِ ؕ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ

اہل و عیال میں۔ اے اللہ میں تجھ سے تیری رضا مندی

رِضَاكَ وَالْجَنَّةَ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ سَخَطِكَ

کی بھیک مانگتا ہوں اور جنت کی اور تیری پناہ چاہتا ہوں تیرے غضب سے

وَالنَّارِ ؕ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنْ فِتْنَةِ

اور دوزخ سے، اے اللہ میں تیری پناہ مانگتا ہوں قبر کی

الْقَبْرِ وَ اَعُوْذُبِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا

آزمائش سے اور تیری پناہ چاہتا ہوں زندگی اور موت کی

وَالْمَمَاتِ

ہر مصیبت سے

ہدایت:

رکن یمانی پر پہنچ کر یہ دعا ختم کر دیجئے اور اس سے آگے بڑھتے ہوئے یہ دعا پڑھیے

رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ

اے پروردگار ہمیں دنیا میں بھلائی دے اور آخرت میں بھی

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ

حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ط وَادْخِلْنَا

اور ہم کو دوزخ کے عذاب سے بچا اور نیک لوگوں

الْجَنَّةَ مَعَ الْاَبْرَارِ ط يَا عَزِيْزُ يَا غَفَّارُ يَا رَبَّ

کے ساتھ ہمیں جنت میں داخل فرما۔ بڑی عزت والے بڑی بخشش والے اے تمام

الْعَالَمِيْنَ ط

جہانوں کے پالنے والے

یہ دعا پڑھنے کے بعد حجر اسود پر پہنچ کر اگر ممکن ہو تو بوسہ دیجئے ورنہ دور ہی سے استلام کیجئے اور

بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ

اللہ کے نام سے شروع اللہ سب سے بڑا ہے اور سب تعریفیں اسی کیلئے ہیں

پڑھتے ہوئے آگے بڑھیئے اور چوتھے چکر کی دعا پڑھتے ہوئے چوتھا چکر شروع کر دیجئے

چوتھے چکر کی دعا

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ حَجًّا مَّبْرُوْرًا وَّ سَعْيًا

اے اللہ بنا دے میرے اس حج کو حج مقبول اور کامیاب

مَّشْكُوْرًا وَّ ذَنْبًا مَّغْفُوْرًا وَّ عَمَلًا صَالِحًا

کوشش اور گناہوں میں مغفرت کا ذریعہ اور مقبول نیک عمل

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ

مَقْبُوْلًا وَّتِجَارَۃً لَّنْ تَبُوْرَ یَا عَالِمَ مَا
اور بے نقصان تجارت اے دلوں کے حال کو جاننے والے

فِی الصُّدُوْرِ اَخْرِجْنِیْ یَا اَللّٰہُ مِنَ الظُّلُمَاتِ
اے اللہ مجھے (گناہ کے) اندھیروں سے (ایمان و عمل صالح) کی

اِلَی النُّوْرِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُکَ مُوْجِبَاتِ
روشنی کی طرف نکال اے اللہ تجھ سے میں سوال کرتا ہوں تیری رحمت

رَحْمَتِکَ وَعَزَائِمَ مَغْفِرَتِکَ وَالسَّلَامَۃَ
(کے حاصل ہونے) کے لازمی ذریعوں کا اور ان اسباب کا جو تیری مغفرت کو (میرے لئے)

مِنْ کُلِّ اِثْمٍ وَّالْغَنِیْمَۃَ مِنْ کُلِّ بِرٍّ وَّالْفَوْزَ
لازمی بنا دیں اور ہر گناہ سے سلامتی کا اور ہر نیکی سے فائدہ اٹھانے کا اور جنت سے

بِالْجَنَّۃِ وَالنَّجَاۃَ مِنَ النَّارِ رَبِّ قَنِّعْنِیْ
بہرہ ور ہونے کا اور دوزخ سے نجات پانے کا۔ اور اے میرے پروردگار تو نے

بِمَا رَزَقْتَنِیْ وَبَارِکْ لِیْ فِیْمَآ اَعْطَیْتَنِیْ
جو کچھ مجھے رزق دیا ہے اس پر قناعت بھی عطا کر اور جو نعمتیں مجھے عطا

وَاخْلُفْ عَلٰی کُلِّ غَائِبَۃٍ لِّیْ مِنْکَ بِخَیْرٍ
فرمائی ہیں ان میں برکت بھی دے اور ہر نقصان اپنے کا کرم سے مجھے نعم البدل عطا کر

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ
الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ
الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ
الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ

ہدایت:

رکن یمانی پر پہنچ کر یہ دعا ختم کر دیجئے اور اس سے آگے بڑھتے ہوئے یہ دعا پڑھیے

رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ

اے پروردگار ہمیں دنیا میں بھلائی دے اور آخرت میں بھی

حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ؕ وَاَدْخِلْنَا

اور ہم کو دوزخ کے عذاب سے بچا اور نیک لوگوں

الْجَنَّةَ مَعَ الْاَبْرَارِ یَا عَزِیْزُ یَا غَفَّارُ یَا رَبَّ

کے ساتھ ہمیں جنت میں داخل فرما۔ بڑی عزت والے بڑی بخشش والے اے تمام

الْعٰلَمِیْنَ ؕ

جہانوں کے پالنے والے

یہ دعا پڑھنے کے بعد حجر اسود پر پہنچ کر اگر ممکن ہو تو بوسہ دیجئے ورنہ دور ہی سے استلام کیجئے اور

بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ

اللہ کے نام سے شروع اللہ سب سے بڑا ہے اور سب تعریفیں اسی کیلئے ہیں

پڑھتے ہوئے آگے بڑھیے اور پانچویں چکر کی دعا

پڑھتے ہوئے پانچواں چکر شروع کر دیجئے

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ

پانچویں چکر کی دعا

اَللّٰهُمَّ اَظِلَّنِیْ تَحْتَ ظِلِّ عَرْشِكَ يَوْمَ

اے اللہ جس روز سوائے تیرے عرش کے سایہ کے کہیں سایہ نہ ہوگا اور تیری

لَا ظِلَّ اِلَّا ظِلُّ عَرْشِكَ وَلَا بَاقِيَ اِلَّا

ذات پاک کے سوا کوئی باقی نہ رہے گا مجھے اپنے عرش کے سایہ

وَجْهُكَ وَاسْقِنِيْ مِنْ حَوْضِ نَبِيِّكَ

کے نیچے جگہ دینا اور نبی پاک سیدنا محمد صلی اللہ علیہ

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

وسلم کے حوض (کوثر) سے مجھے ایسا خوشگوار اور خوش

شَرْبَةً هَنِيْئَةً مَرِيْئَةً لَا نَظْمَاءُ بَعْدَهَا

ذائقہ گھونٹ پلانا کہ اس کے بعد کبھی ہمیں پیاس نہ

اَبَدًا اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا سَئَلَكَ

لگے اے اللہ میں تجھ سے ان چیزوں کی بھلائی مانگتا ہوں جن کو تیرے

مِنْهُ نَبِيُّكَ سَيِّدُنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

نبی سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ

وَسَلَّمَ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا اسْتَعَاذَكَ

نے تجھ سے طلب کیا اور ان چیزوں کی برائی سے تیری پناہ چاہتا ہوں

مِنْهُ نَبِيُّكَ سَيِّدُنَا مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ

جن سے تیرے نبی سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْئَلُكَ الْجَنَّةَ

پناہ مانگی اے اللہ میں تجھ سے جنت اور

وَنِعْمَهَا وَمَا يُقَرِّبُنِىْ اِلَيْهَا مِنْ قَوْلٍ

اس کی نعمتوں کا سوال کرتا ہوں اور ہر اس قول یا

اَوْ فِعْلٍ اَوْ عَمَلٍ ط وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ النَّارِ

فعل کی (توفیق) کا سوال کرتا ہوں جو مجھے جنت سے قریب کرے اور میں

وَمَا يُقَرِّبُنِىْ اِلَيْهَا مِنْ قَوْلٍ اَوْ فِعْلٍ

دوزخ سے تیری پناہ چاہتا ہوں اور ہر اس قول فعل یا عمل سے جو

اَوْ عَمَلٍ ط

مجھے دوزخ سے قریب کردے

ہدایت:

رکن یمانی پر پہنچ کر یہ دعا ختم کردیجئے اور اس سے آگے بڑھتے ہوئے یہ دعا پڑھیے

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ

رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ

اے پروردگار ہمیں دنیا میں بھلائی دے اور آخرت میں بھی

حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ط وَاَدْخِلْنَا

اور ہم کو دوزخ کے عذاب سے بچا اور نیک لوگوں

الْجَنَّۃَ مَعَ الْاَبْرَارِ یَا عَزِیْزُ یَا غَفَّارُ یَا رَبَّ

کے ساتھ ہمیں جنت میں داخل فرما۔ بڑی عزت والے بڑی بخشش والے اے تمام

الْعَالَمِیْنَ ط

جہانوں کے پالنے والے

یہ دعا پڑھنے کے بعد حجر اسود پر پہنچ کر اگر ممکن ہو تو بوسہ دیجئے ورنہ دور ہی سے استلام کیجئے اور

بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰہُ اَکْبَرُ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ

اللہ کے نام سے شروع اللہ سب سے بڑا ہے اور سب تعریفیں اسی کیلئے ہیں

پڑھتے ہوئے آگے بڑھیے اور چھٹے چکر کی دعا پڑھتے ہوئے چھٹا چکر شروع کر دیجئے

چھٹے چکر کی دعا

اَللّٰھُمَّ اِنَّ لَكَ عَلَیَّ حُقُوْقًا کَثِیْرَۃً فِیْمَا

اے اللہ مجھ پر تیرے بہت سے حقوق ہیں ان معاملات میں جو میرے

بَيْنِيْ وَبَيْنَكَ وَحُقُوْقًا كَثِيْرَةً فِيْمَا

اور تیرے درمیان ہیں اور بہت سے حقوق ہیں ان

بَيْنِيْ وَبَيْنَ خَلْقِكَ اَللّٰهُمَّ مَا كَانَ لَكَ

معاملات میں جو میرے اور تیری مخلوق کے درمیان ہیں اے اللہ ان میں سے

مِنْهَا فَاغْفِرْلِيْ وَمَا كَانَ لِخَلْقِكَ فَتَحَمَّلْهُ

جن کا تعلق صرف تیری ذات سے ہو ان (کی کوتاہی کی مجھے معافی دے اور جن کا تعلق

عَنِّيْ وَاَغْنِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَ

مخلوق سے (بھی) ہو ان کی فروگذاشت کی معافی کا تو ذمہ دار بن جا اے اللہ مجھے (رزق) حلال

بِطَاعَتِكَ عَنْ مَّعْصِيَتِكَ وَبِفَضْلِكَ

عطا فرما کر حرام سے اور فرمانبرداری کی توفیق عطا فرما کر نافرمانی سے اور اپنے فضل

عَنْ مَّنْ سِوَاكَ يَا وَاسِعَ الْمَغْفِرَةِ اَللّٰهُمَّ

سے بہرہ مند فرما کر اپنے سوا دوسروں سے مجھے مستغنی کر دے اے مغفرت دینے والے اے اللہ

اِنَّ بَيْتَكَ عَظِيْمٌ وَّوَجْهَكَ كَرِيْمٌ وَّاَنْتَ

بیشک تیرا گھر بڑی عظمت والا ہے اور تیری ذات بڑی عزت والی ہے اور تو اے اللہ بڑا باوقار ہے

يَا اَللّٰهُ حَلِيْمٌ كَرِيْمٌ عَظِيْمٌ تُحِبُّ

بڑا کرم والا ہے بڑی عظمت والا ہے معافی کو پسند کرتا ہے سو میری

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ

اَلْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ

خطاؤں کو بھی معاف فرما دے

ہدایت:

رکن یمانی پر پہنچ کر یہ دعا ختم کر دیجئے اور اس سے آگے بڑھتے ہوئے یہ دعا پڑھیے

رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ

اے پروردگار ہمیں دنیا میں بھلائی دے اور آخرت میں بھی

حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝ وَاَدْخِلْنَا

اور ہم کو دوزخ کے عذاب سے بچا اور نیک لوگوں

الْجَنَّةَ مَعَ الْاَبْرَارِ یَا عَزِیْزُ یَا غَفَّارُ یَا رَبَّ

کے ساتھ ہمیں جنت میں داخل فرما۔ بڑی عزت والے بڑی بخشش والے اے تمام

الْعَالَمِیْنَ ط

جہانوں کے پالنے والے

یہ دعا پڑھنے کے بعد حجر اسود پر پہنچ کر اگر ممکن ہو تو بوسہ دیجئے ورنہ دور ہی سے استلام کیجئے اور

بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ. وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ

اللہ کے نام سے شروع اللہ سب سے بڑا ہے اور سب تعریفیں اسی کیلئے ہیں

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ

پڑھتے ہوئے آگے بڑھیے اور ساتویں چکر کی دعا پڑھتے ہوئے ساتواں چکر شروع کردیجئے

ساتویں چکر کی دعا

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ اِيْمَانًا كَامِلًا وَّيَقِيْنًا

اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں کامل ایمان اور سچا یقین اور

صَادِقًا وَّرِزْقًا وَّاسِعًا وَّقَلْبًا خَاشِعًا

کشادہ رزق اور عاجزی کرنے والا دل اور (تیرا) ذکر کرنے والی زبان

وَّلِسَانًا ذَاكِرًا وَّرِزْقًا حَلَالًا طَيِّبًا وَّ

اور حلال اور پاک روزی، اور سچے دل کی توبہ اور موت سے

تَوْبَةً نَّصُوْحًا وَّتَوْبَةً قَبْلَ الْمَوْتِ وَ

پہلے کی توبہ اور موت کے وقت کا آرام اور مرنے

رَاحَةً عِنْدَ الْمَوْتِ وَمَغْفِرَةً وَّرَحْمَةً

کے بعد مغفرت اور رحمت اور حساب

بَعْدَ الْمَوْتِ وَالْعَفْوَ عِنْدَ الْحِسَابِ

کے وقت معافی اور جنت کا حصول اور دوزخ سے نجات

وَالْفَوْزَ بِالْجَنَّةِ وَالنَّجَاةَ مِنَ النَّارِ

(یہ سب کچھ مانگتا ہوں) تیری رحمت کے وسیلہ سے

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ

بِرَحْمَتِكَ یَا عَزِیْزُ یَا غَفَّارُ رَبِّ زِدْنِیْ

اے بڑی عزت والے اے بڑی مغفرت والے اے پروردگار میرے علم میں

عِلْمًا وَّاَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ ط

اضافہ کر اور مجھے نیک لوگوں میں شامل کردے

ہدایت:

رکن یمانی پر پہنچ کر یہ دعا ختم کردیجئے اور اس سے آگے بڑھتے ہوئے یہ دعا پڑھیے

رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ

اے پروردگار ہمیں دنیا میں بھلائی دے اور آخرت میں بھی

حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ط وَاَدْخِلْنَا

اور ہم کو دوزخ کے عذاب سے بچا اور نیک لوگوں

الْجَنَّةَ مَعَ الْاَبْرَارِ ط یَا عَزِیْزُ یَا غَفَّارُ یَا رَبَّ

کے ساتھ ہمیں جنت میں داخل فرما۔ بڑی عزت والے بڑی بخشش والے اے تمام

الْعٰلَمِیْنَ ط

جہانوں کے پالنے والے

اے بڑی عزت والے، اے بڑی مغفرت والے، اے سب جہانوں کے پالنے والے،

یہ دعا پڑھنے کے بعد حجر اسود پر پہنچ کر اگر ممکن ہو تو بوسہ دیجئے ورنہ دور ہی سے استلام کیجئے

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ